محمد عمار خان ناصر

عمدۃ البیان فی احکام رمضان

مصنف : مولانا محمد اجمل خان، صفحات : ۲۴۴، قیمت : ۶۰ روپے، ناشر: مکتبہ اشاعت اسلام، جامعہ رحمانیہ، عبدالکریم روڈ، قلعہ گوجر سنگھ، لاہور۔

رمضان المبارک اللہ کی رحمتوں اور برکتوں کا خاص مہینہ ہے۔ سال بھر کی غفلت کے بعد اس مہینہ میں اللہ کے بندے اپنے پروردگار کے ساتھ اپنا تعلق دوبارہ جوڑتے اور پورا مہینہ اللہ کو راضی کرنے اور خاص اہتمام کے ساتھ اس کی عبادت کرنے میں گزارتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ بھی اس مہینہ میں اپنی رحمتوں کے خزانے کھول دیتے ہیں، بالخصوص عشرہ اخیرہ میں تو اس کی بے پایاں رحمتیں اپنے عبادت گزار بندوں پر برس برس پڑتی ہیں۔

اس ماہ مبارک میں معمول کی عبادات کے علاوہ کچھ خاص عبادات بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کیلئے مقرر کی ہیں۔ دن کو روزہ، رات کو قیام، تراویح میں قرآن سننا اور سنانا، اعتکاف اور عشرہ اخیرہ کی طاق راتوں میں خصوصی عبادت کا اہتمام یہ سب چیزیں، اگر صحیح طریقے سے اور ان کی حکمت کو سمجھتے ہوئے ان پر عمل کیا جائے تو "تقویٰ" کے قالب میں ڈھالنے کے لیے بہترین ذرائع ہیں۔ یہ مبارک مہینہ اللہ تعالیٰ کی مرضی اور اس کی دی ہوئی ہدایات کے مطابق گزار لینا ایک مسلمان کے لیے واقعی نہایت خوشی اور مسرت کا موقع ہے، اس لیے رمضان کے اختتام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے "عید الفطر" منانے کا حکم دیا گیا ہے۔

زیر نظر کتاب رمضان المبارک کی انہی خاص عبادات کے احکام و مسائل، حکمتوں اور فوائد کے بیان میں نہایت جامعیت اور حسن ترتیب کے ساتھ لکھی گئی ہے۔ مصنف نے